جسمیں عالم اسلام کو درپیش سیاسی صورتحال تحریک طالبان اور اسامہ بن لادن جیسے اہم موضوعات شامل تھے۔ جاپانی صحافیوں نے کئی طلباء سے انگریزی زبان میں انٹرویو بھی ریکارڈ کیئے۔

الدعوہ اکیڈمی اسلام آباد کے ائمہ اور علماء حضرات کی دارالعلوم تشریف آوری 9 اکتوبر کو اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ الدعوہ اکیڈمی کے انچارج جناب مصباح الرحمان یوسفی ایک بڑے وفد کیساتھ دارالعلوم تشریف لائے اور انہوں نے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ فرمایا بعد میں ان حضرات کی دفتر اہتمام میں مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور مولانا راشد الحق صاحب کیساتھ سوالات وجوابات کی ایک مختصر نشست بھی ہوئی۔ مولانا عرفان الحق صاحب نے وفد کو دارالعلوم کا معائنہ کرلیا۔ وفد [illegible] بھر سے جید علماء اور دانشوروں نے شرکت کی۔

[illegible] ت کے خلاف پشاور میں منعقدہ کانفرنس میں شرکت

[illegible] بر کو جمعیۃ علماء اسلام کے زیر اہتمام پشاور شہر میں ایک عظمی الشان جلسے اور جلوس کا اہتمام کیا گیا۔ یہ ریلی افغانستان پر امریکہ کی متوقع جارحیت کے خلاف منعقد ہوئی۔ دارالعلوم حقانیہ کے ہزاروں طلباء نے بھی جمعیت کے کارکنوں کیساتھ اپنے حقانی فضلاء کی تحریک کی حمایت میں اپنے جذبات کا اظہار فرمایا۔ جلوس کی قیادت حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ، حضرت مولانا شیر علی صاحب مدظلہ، حضرت مولانا مغفور اللہ صاحب مدظلہ اور حضرت مولانا نصیب خان صاحب مدظلہ اور دیگر اساتذہ کرام نے کی۔ جلوس میں شرکاء کی تعداد خفیہ ایجنسیوں آئی بی اور ایم آئی کے مطابق پندرہ ہزار سے زائد رہی۔

تقریب ختم بخاری شریف و جلسہ دستاربندی جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک بتاریخ 4 نومبر بروز جمعرات بعد از نماز ظہر اس تقریب میں پاکستان کے ہزاروں علماء و مشائخ اور تحریک طالبان افغانستان کے اہم ارکان شرکت فرمائینگے۔ تمام مسلمانوں کو دعوت عام ہے۔

مجلس ذکر کا اہتمام حضرت مولانا مفتی محمد فرید صاحب مدظلہ نے اپنے تمام خلفاء اور معتقدین اور متعلقین کیلئے 16-17 اکتوبر زروبی ضلع صوابی میں مجلس ذکر کا اہتمام کیا ہے۔

---------☆☆☆☆---------